**28.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ماجد علی

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کیساتھ میٹنگ کی ہے۔

☆ جموں وکشمیر اسمبلی نے اپنے خصوصی اجلاس میں پہلگام دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے لوگوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

☆ بھارت نے غلط اطلاعات پھیلانے کی بنا پر پاکستان کے 16 یوٹیوب چینلز پر پابندی عائد کردی ہے اور پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بارے میں BBC کی رپورٹنگ پر اعتراض کیا ہے۔

☆ بھارت اور فرانس 26 رافیل میرین لڑاکا ہوائی جہاز خریدنے کیلئے ایک سمجھوتے پر دستخط کریں گے۔

☆ عالمی شیئر بازاروں میں مثبت رجحان کے تناظر میں ملک کے شیئر بازاروں میں کافی اُچھال دیکھنے میں آیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں آج شام جے پور میں راجستھان رائلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RAJNATH-PM MEET**

وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ یہ میٹنگ تقریباً 40 منٹ تک چلی۔ یہ میٹنگ پہلگام دہشت گردانہ حملے اور اُس کے بعد کئے گئے اقدامات کے تناظر میں کی گئی تھی۔ کل چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے، جناب سنگھ سے ملاقات کی تھی۔×

**J&K SPECIAL SESSION**

جموں وکشمیر اسمبلی میں ایک قرارداد پیش کی گئی ہے، جس میں پہلگام میں دہشت گردوں کے وحشیانہ حملے پر دُکھ اور غم وغصے کا اظہار کیا گیا ہے۔ اِس حملے میں 26 افراد مارے گئے تھے۔ مذکورہ قرارداد میں فرقے وارانہ ہم آہنگی میں خلل ڈالنے اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرنے کے ناپاک عزائم کو شکست دینے کیلئے پختہ عزم کے ساتھ لڑنے کا عہد کیا

گیاہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جموں وکشمیر کے نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے اسمبلی کے خصوصی اجلاس کے دوران یہ قرارداد پیش کی۔ اجلاس کے آغاز پر ارکان نے گزشتہ ہفتے کے سانحے میں ہلاک ہونے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے دو منٹ کی خاموشی اختیار کی۔

قانون ساز اسمبلی نے سبھی شہریوں کیلئے امن وسکون، ترقی اور خوشحالی کا ماحول پیدا کرنے کے اپنے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے کہاکہ ایوان 22 اپریل کو پہلگام میں بے قصور عام شہریوں پر وحشیانہ اور غیرانسانی حملے پر دُکھ اورغم وغصے کا اظہار کرتا ہے اور اِس بزدلانہ حرکت کی سخت مذمت کرتا ہے۔ قرارداد کا حوالہ دیتے ہوئے جناب چودھری نے کہاکہ دہشت گردی کی اِس طرح کی حرکتیں کشمیریت اور ہمارے آئین کی اقدار، اتحاد، امن اور ہم آہنگی کے جذبے پر سیدھا حملہ ہے۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ یہ ایوان حملے میں مارے گئے افراد اور اُن کے ارکانِ خاندان کے ساتھ مکمل یگانگت کا اظہار کرتا ہے۔ ایوان نے مارے گئے لوگوں کے تئیں گہری تعزیت کا اظہار کیا۔

ایوان نے Pony Ride آپریٹر سید عادل حسین شاہ کی عظیم قربانی کا بھی تذکرہ کیا، جنھوں نے دہشت گردوں کے حملے سے سیاحوں کو بچانے کی کوشش کرتے ہوئے اپنی جان نچھاور کردی۔ قرارداد میں اِس سانحے کے بعد سیکورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ کے تناظر میں مرکزی سرکار کی جانب سے کئے گئے سفارتی اقدامات کیلئے اسمبلی کی تائید کا بھی تذکرہ کیا گیا ہے۔ قرارداد میں سبھی سیاسی پارٹیوں، مذہبی اور دیگر رہنماؤں، نوجوانوں کی تنظیموں، سول سوسائٹی گروپوں اور میڈیا گھرانوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ امن و سکون برقرار رکھیں اور تشدد اور نفاق پیدا کرنے والے بیانات کو مسترد کریں، نیز امن وسکون، اتحاد اور آئینی اقدار کو سربلند رکھنے کیلئے مل کر کام کریں۔ بعد میں جموں وکشمیر اسمبلی نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بارے میں پیش کی گئی قرارداد منظور کرلی ہے۔×

**PAK YT CHANNEL-BAN**

بھارت نے پاکستان کے جیو نیوز، ARY نیوز، سَما ٹی وی، ڈان نیوز سمیت 16 یوٹوب چینلوں پر پابندی عائد کردی ہے۔ حال کے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں بھارت کے خلاف غلط اطلاعات پھیلانے کی پاداش میں یہ پابندی لگائی گئی ہے۔ بھارت اور اُس کی فوج اور سکیورٹی ایجنسیوں کے خلاف جھوٹے اور گمراہ کُن بیانات اور اشتعال انگیز اور تعصب سے بھرے ہوئے مواد کی وجہ سے یہ پابندی عائد کی گئی ہے۔ ان چینلوں کے 6 کروڑ 30 لاکھ سے زیادہ سبسکرائبرس ہیں۔ حکومت نے پہلگام دہشت گردانہ حملے پر BBC کے رپورٹنگ کرنے کے طریقے پر بھی اعتراض ظاہر کیا ہے اور بھارت میں BBC کے سربراہ کو ان سخت اعتراضات سے آگاہ کردیا ہے۔ دہشت گردوں کو ملی ٹینٹس کہے جانے پر BBC کو ایک باضابطہ خط بھی بھیجا گیا ہے۔ وزارت خارجہ BBC کی رپورٹنگ پر نظر رکھے گی۔ ×

## DELHI VAY VANDANA CARDS

پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری اور دِلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے آج نئی دِلی میں آیوشمان بھارت پردھان منتری Vay وندنا اسکیم کا آغاز کیا اور متعلقہ افراد کو Vay وندنا کارڈس تقسیم کیے۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب پوری نے کہاکہ مذکورہ اسکیم کو نہ صرف بھارت بلکہ دیگر ملکوں میں بھی ایک صحت ماڈل کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ نقد رقم کے استعمال کے بغیر یہ سہولت مذکورہ اسکیم کی ایک اہم خصوصیت ہے، جو کئی دیگر صحت اسکیموں میں دستیاب نہیں ہیں۔

دلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے اِس موقع پر کہا کہ دِلی سرکار مذکورہ اسکیم کے ذریعے قومی راجدھانی کے بزرگ شہریوں کی عزت افزائی کررہی ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ مذکورہ اسکیم کیلئے رجسٹریشن آج سے شروع ہورہا ہے۔ مذکورہ اسکیم کے تحت سماجی اور معاشی رتبے کے قطع نظر 70 سال یا اِس سے زیادہ عمر کے سبھی بزرگ شہریوں کو پانچ لاکھ روپے تک کا مفت صحت بیمہ فراہم کیا جائے گا۔×

## ED MP SEARCH

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ مدھیہ پردیش میں بھوپال، اندور اور Mandsaur میں شراب کے کنٹریکٹرس کے گیارہ ٹھکانوں پر تلاشی کی کارروائی کررہی ہے۔ ایک FIR درج کیے جانے کے تناظر میں یہ چھان بین ہورہی ہے، جس میں 2015 اور 2018 کے درمیان جعلسازی اور مالی لین دین کے چالان میں ہیراپھیری کی وجہ سے سرکاری مالیے کو 49 کروڑ روپے سے زیادہ کا نقصان ہونے کا الزام لگایا گیا ہے۔×

## NATIONAL ARCHIVES-KALAM

بھارت کے نیشنل Archives نے آج نئی دلّی میں سابق صدر ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے ذاتی کاغذات اپنی تحویل میں لے لئے۔ جناب کلام کے گھر والوں کی طرف سے کاغذات حوالے کرنے کیلئے نیشنل Archives نے دستخط کرنے کی ایک باضابطہ تقریب کا انعقاد بھی کیا تھا۔ آ کاشوانی سے بات کرتے ہوئے بھارت کی نیشنل Archives کے ڈائریکٹر جنرل ارون سنگھل نے کہا کہ بھارت کی نیشنل Archives سابق صدور کے کاغذات جمع کرنے کے عمل میں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل Archives کے پاس پہلے سے سابق صدر ڈاکٹر راجندر پرساد اور وی وی گری سے متعلق دستاویزات موجود ہیں۔

**INDO FRANCE RAFALE**

بھارت 26 رافیل میرین لڑاکا ہوائی جہاز خریدنے کیلئے آج فرانس کے ساتھ ایک دفاعی سمجھوتے پر دستخط کرنے والا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارتِ دفاع کے اہلکار اور بھارت میں فرانس کے سفیر دستخط کرنے کی تقریب میں اپنے اپنے ملک کی نمائندگی کریں گے۔

26 رافیل میرین ہوائی جہازوں میں سے 22 ایک Seat والے، جبکہ 4 طیارے دو Seat والے ہوں گے۔ یہ ہوائی جہاز بھارتی بحریہ کی ضروریات کے مطابق ڈیزائن اور تیار کئے جائیں گے۔ رافیل میرین ہوائی جہازوں کے شامل کئے جانے سے بحریہ کی قوت کئی گُنا بڑھ جائے گی اور یہ لڑاکا ہوائی جہاز طیارہ بردار بحری جہازوں INS وکرما آدتیہ اور INS وکرانت پر تعینات کئے جائیں گے۔×

**CANADA-KILLED**

کناڈا کے Vancouver میں 11 افراد ہلاک اور درجنوں اُس وقت زخمی ہوگئے، جب Lapu Lapu Day تہوار منارہی بھیڑ میں ایک کار جا گھسی۔ جائے واقعہ پر موجود لوگوں کی مدد سے 30 سال کے مشتبہ Kai-Ji Adam Lo کو موقع سے گرفتار کرلیا گیا۔ اُس پر اب تک 8 افراد کے دوسرے درجے کے قتل کے الزامات لگائے گئے ہیں اور مزید الزامات لگائے جائیں گے۔ پولیس نے کہا ہے کہ وہ ذہنی مریض رہا ہے اور اس سے پہلے پولیس اور صحت کارکنوں کے رابطے میں رہا ہے۔ اُدھر کچھ متاثرین کی ابھی تک شناخت نہیں ہوپائی ہے۔ Vancouver پولیس محکمے VPD نے لاپتہ لوگوں کو تلاش کرنے کیلئے Douglas پارک کمیونٹی سینٹر میں ایک امدادی مرکز قائم کیا ہے، جو 24 گھنٹے کام کرے گا۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ جس کے پاس بھی اس واقعہ کی تصویریں یا ویڈیوز ہوں، وہ پولیس سے رابطہ کریں۔×

**NORTH KOREA RUSSIA UKRAINE WAR**

شمالی کوریا نے پہلی بار یہ تصدیق کی ہے کہ اُس نے یوکرین کے خلاف لڑائی میں روس کی مدد کیلئے فوجی بھیجے تھے۔ شمالی کوریا کے سرکاری میڈیا KCNA کے مطابق شمالی کوریا کے فوجیوں نے اپنے لیڈر Kim Jong Un کے حکم پر Kursk سرحدی خطے کو پوری طرح آزاد کرانے کیلئے روس کی فورسز کی مدد کی تھی۔ کچھ دن پہلے ہی روس کے اعلیٰ فوجی افسر جنرل Valery Gerasimov نے شمالی کوریا کے فوجیوں کی دلیری کی تعریف کی تھی۔ اِس طرح روس نے پہلی بار برسرعام اُن کے شامل ہونے کی بات قبول کی ہے۔×

**SRI LANKA-EU**

یوروپی یونین کا +GSP مونیٹرنگ مشن آج سری لنکا پہنچ رہا ہے۔ یہ مشن تجارتی ضروریات کی ترجیحات کی عام اسکیم پلس یعنی +GSP کا جائزہ لے گا۔ یہ ٹیم 7 مئی تک وہاں رہے گی اور حکومت کے افسران، تاجروں، سول سوسائٹی اور تجارتی یونینوں سے ملاقات کرے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ مقامات کا دورہ بھی کرے گی۔ سری لنکا، اُن 8 ملکوں میں شامل ہے، جو یوروپی یونین کی خصوصی اسکیم +GSP سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج آسام، میگھالیہ، اروناچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، کیرالہ، تریپورہ اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال میں کہیں کہیں تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی گفتگو میں موسمیات محکمے کے سرکردہ سائنسداں ڈاکٹر آر-کے-جینامنی نے کہا کہ راجستھان، پنجاب اور ہریانہ کو چھوڑ کر ملک کے بیشتر حصوں میں درجہ حرارت نارمل یا نارمل سے زیادہ ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ پہلی مئی سے قومی راجدھانی میں دھول بھری آندھی آنے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

**STOCKS**

عالمی شیئر بازاروں میں مثبت رجحان کے تناظر میں ملک کے شیئر بازاروں میں کافی اُچھال دیکھنے میں آیا ہے۔ دِن کے کاروبار میں Sensex اور نفٹی دونوں میں تقریباً ایک اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا۔ بامبے اسٹاک ایکسچینج کا Sensex ایک ہزار 38 پوائنٹ کے اُچھال کے ساتھ 80 ہزار 243 پر پہنچ گیا، جبکہ نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا نفٹی بھی 288 پوائنٹ کے اضافے کے ساتھ 24 ہزار 328 پر آ گیا۔×

**IPL-CRICKET**

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، آج جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل کل دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے دلّی کیپیٹلز کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ دلّی کیپیٹلز کے 163 رنوں کے ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے رائل چیلنجرس بنگلورو نے 18 اوورس تین گیندوں میں 165 رن بنائے۔ بنگلورو کی جانب سے کرونال پانڈیا نے سب سے زیادہ 47 گیند پر 73 رن بنائے اور وہ آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔ اس کے علاوہ وراٹ کوہلی نے 51 رن بنائے۔ ×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆